قرار

داد نمبر 139

مورخہ 20 ستمبر

2017

نمبر -- ص ا ب /س/2/ا/2013

بخدمت -- جناب چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان ،کوئٹہ۔

موضوع-- مشترکہ قرارداد نمبر 139

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 14 ستمبر 2016 میں منظور شدہ مشترکہ قرار داد نمبر 139 منجانب آغا سید لیاقت علی، نصراللہ زیرے، محترمہ سپوژمئی اچکزئی اور محترمہ عارفہ صدیق اراکین اسمبلی ؛ بمراد اطلاع و ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

یہ ایون وفاقی حکومت کی جانب سے پیاز کی درآمد کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ چونکہ ہمارے صوبہ کے مختلف علاقوں کی پیاز کی پیداوار حالیہ بہتر ہوئی ہے جس کی مارکیٹ میں قیمتیں بھی اچھی ہے مگر وفاقی حکومت کی جانب سے پیاز کی درآمدگی کا فیصلہ سراسر ہمارے صوبہ کے عوام کا معاشی قتل عام کے مترادف ہے۔ لہٰذا ہمارے صوبہ کے پیاز کی فصل کو یوٹیلٹی اسٹور کے ذریعے مناسب ریٹ پر خریدا جائے اور ساتھ ہی اس کو عام مارکیٹ میں لایا جائے تا کہ ہمارے صوبہ کے زمیندار پیاز کی فصل سے مستفید ہو سکیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ صوبہ بلوچستان کے زمینداروں کے مفاد میں پیاز کی درآمدگی کے فیصلے کو روکا جائے تاکہ صوبہ کے زمینداروں میں پائی جانے والی تشویش واحساس محرومی کا خاتمہ ممکین ہو سکے۔